(۱) فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بروز قیامت انصاف کرنے والے اللہ کے نزدیک نور کے منبروں پر رہیں گے۔ (۲) پھر ایک اور ارشاد گرامی ہے۔ جس بندے کو اللہ نے رعیت کا حاکم بنایا پھر اس نے رعیت کی خیر خواہی سے حفاظت نہ کی وہ جنت کی خوشبو نہ پائیگا۔

(۳) ایک صحابی رضؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا "یا رسول اللہ آج میں نے ایک غلام اپنے ایک بیٹے کو دیا ہے ارشاد ہوا تم نے ہر بیٹے کو ایک غلام دیا ہے۔ عرض کیا "نہیں" حکم ہوا اس بیٹے سے غلام واپس لے لو۔

اولادیں ہوشیار ہوجائیں

جو والدین ایک اولاد کو زیادہ چاہتے ہیں نہ کھانے

میں نہ لباس میں انصاف کرتے ہیں۔ دسترخوان پر سب اولاد بیٹھی ہے۔ بڑی اولاد کو زیادہ سالن اور گوشت کی بوٹیاں اور چھوٹی اولاد کو برائے نام سالن اور ایک آدھ بوٹی۔ کسی کا لباس شاندار کسی کا معمولی نوکروں کا سا۔ ایک کو تقاضائے محبت میں دل بہلائی کے سامان دوسری اولاد محروم۔ یہاں تک دیکھا گیا کہ ایک نابالغ اولاد کو سرکاری دواخانہ کی دوا پر یہ کہتے ہوئے رکھا گیا کہ زندگی ہے تو بچے گا اور دوسری بالغ اولاد بیمار ہو تو خانگی ڈاکٹر اور قیمتی ادویات نابالغ اولاد کی بیماری کو نظر انداز کر کے دوسری اولاد کے غیر شرعی رسم ورواج چلّہ چھٹی پر بے دریغ روپیہ کا ضائع کرنا۔ ایسے والدین کے لئے روشنی کے ممبر ہونگے یا تاریکی کی تاریکی بروز قیامت معلوم ہوگا۔

باغی اولاد

یہ بھی دیکھا جارہا ہے کہ ذمہ داریوں کی تکمیل اور تعلیم سے آراستہ کرنے کے بعد جو بدنصیب اولاد کسی کی سیکھا رٹ اور فطرت کی گراوٹ کے تحت باغی ہوکر گھر سے نکل جارہی اور بالغ اور تعلیم یافتہ بن کر بغاوت پر کمربستہ ہورہی ہے۔ ایسی اولاد کے ساتھ انصاف کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ان پر حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کعنان کا اطلاق ہوگا اور ایسی اولاد اللہ اور رسول ؐ کے احکام کے تحت جہنم کا ایندھن ہے دیکھو والدین کے حقوق۔ جب تعلیم وتربیت اثر نہ کرے تو علامہ اقبال فرماتے ہیں۔

نہ ہو طبیعت ہی جن کی قابل وہ تربیت سے نہیں سنورتے ؛ ہوا نہ سرسبز رہ کے پانی میں عکس سرو کنار جو کا

مظلوم اولاد والدین کے ناانصافیوں کا کسطرح جواب دے

والدین دوسری اولاد کو محبت کر کے جس اولاد کے ساتھ ناانصافی کر رہے ہوں تو اس مظلوم اولاد کا یہ فرض ہے کہ وہ صبر کرے۔ یا تو والدین کو معاف کردیں یا پانی سر سے اونچا ہو رہا ہو تو اللہ پر چھوڑ دے لیکن باوجود اسکے والدین کے حقوق کی ادائی اور خدمت میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھے۔ یہی ان کے لئے بہتر ہے۔ حضرت ابوسعید خدری سے روایت ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص صبر کرنے کی کوشش کرے گا اللہ اسکو صبر دے گا اور صبر سے زیادہ بہتر اور بہت سی بھلائیوں کو سمیٹنے والی بخشش اور کوئی نہیں۔ (بخاری ومسلم) اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ ماں باپ نے جس اولاد کو بہت چاہا اور دوسرے اولاد کی حق تلفی کی۔ وہی اولاد ماں باپ کی زندگی میں ماں باپ کے لئے دردسر بن گئی اور والدین کی خدمت سے محروم رہی اور اللہ نے والدین کو ان اولاد کا دست نگر کر کے اسی اولاد سے والدین کی خدمت کروائی جس اولاد کی والدین نے حق تلفی کی تھی۔

والدین کا ایک اور فرض

قوم کو بنانے والے والدین ہوتے ہیں۔ لہٰذا وہ خود نمونہ نیک بن کر اولاد کو انصاف عدالت، صداقت و ...

... سے اس طرح آشنا کر دیں کہ حضرت اقبال کی یہ پیشگوئی عملی جامہ پہن سکے کہ:

سبق پڑھ پھر صداقت کا عدالت کا شجاعت کا — لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

اللہ پاک کی ہدایات

اولاد کے ساتھ ناانصافی کرنے والے ناجائز مال سے خود کی اور اولاد کی پرورش کرنے والے اور ناجائز انداز ... کرنے والے یا اولاد کی غلط تربیت و تعلیم کرنے والے یعنی اولاد کے حقوق ادا نہ کرنے والے والدین ... میں قرآن حکیم میں اللہ پاک فرما رہے ہیں

إِنَّمَآ أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۚ وَاللَّهُ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ

(پ ۲۸۔ آیت ۱۵۔ سورہ تغابن)

ترجمہ: تمہارا مال اور تمہاری اولاد تو آزمائش ہے۔ اور خدا کے ہاں بڑا اجر ہے۔

ہم نے شاہوں امراء اور دوسرے مسلمان والدین کے اولاد جنم دینے کے صدیوں کے واقعات ... مندرجہ بالا قرآنی آیت کی روشنی میں تجزیہ کیجیے کہ اولاد اور مال ان کے لئے آزمائش ... فتنہ نہیں بن گئی؟ اب علماء صوفیوں اور مشائخین کی طرف آئیے: جب سے مسلمان ... یہ زوال ہوئی ان علماء صوفیوں اور مشائخین کا شیوہ دولت پرستی ہو گیا اور اولاد جنم دی تو ... کے لئے نہیں بلکہ باپ کے مرنے کے بعد باپ کے مریدوں سے نذرانوں سے وصول کی ہوئی ... کرنے کیلئے بقول علامہ اقبال خرقہ سالوس پہن کر داڑھیاں رکھکر مقدمہ بازیاں کر کے عدالتوں ... لگانے عدالت میں اللہ کی جھوٹی قسمیں کھانے کے لئے جنم دی۔ ہر عدالت کے محافظ خانہ ... ہمارے دعوی کا بین ثبوت ہیں۔ آیا ان مشائخین علماء اور صوفیوں کے لئے مال اور اولاد ... بن گئی جو اللہ نے بطور آزمائش عطا کی تھی ان حالات میں علامہ اقبال کو کہنا پڑا۔

اے پیر حرم رسم و رہ خانقہی چھوڑ — مقصود سمجھ میری نوائے سحری کا

ملا کی نظر نور فراست سے خالی — بے سوز ہے میخانۂ صوفی کی مے ناب

قتل اولاد

آج ایک روشن خیال طبقہ مسلمان والدین میں پیدا ہوا ہے جو اولاد کو دینی نہیں دنیاوی اعتبار سے جنم دیتا ہے ان ... ہے "ہم دو ہمارے دو" ایک کے بعد ابھی نہیں دو کے بعد کبھی نہیں۔ دو کے بعد

بچے نہ ہونے کا آپریشن ۔ اس طبقہ میں تعلیم یافتہ بھی شامل ہیں ۔ ڈاڑھیاں سنت کی تکمیل میں رکھنے اور نمازوں کا دکھاوا کرنے والے بھی ۔ حتیٰ کہ واعظین اور علماء بھی ۔ اللہ پاک فرماتے ہیں ۔ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا ۖ وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُم مِّنْ إِمْلَاقٍ ۖ نَّحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ ۖ (پارہ ۸ سورہ انعام آیت ۱۵۲)

ترجمہ :۔ اور ماں اور باپ کے ساتھ احسان کیا کرو اور اپنی اولاد کو افلاس کے سبب قتل مت کیا کرو۔ ہم تم کو اور ان کو رزق دینگے ۔ اللہ پاک والدین کے ساتھ اولاد کو احسان کرنے کا حکم دے رہے ہیں اور والدین اولاد کو پیدا ہونے کے قبل ہی قتل کر رہے ہیں جبکہ اللہ پاک رزق دینے کا وعدہ فرما رہے ہیں مگر اللہ کے وعدے پر بھروسہ کس مسلمان کو ہے ؟ اللہ کیلئے جنم دینا کس کو ہے ؟ اولاد کو جنم دینا ہے ٹی وی کیلئے ، ویڈیو کے لئے بے حیا بنانے کے لئے ۔ با ایمان بنانے کیلئے نہیں ۔ ان حالات میں علامہ اقبال ؒ فرما رہے ہیں ۔

ہے کس کی یہ جرأت کہ مسلمان کو ٹوکے ۔۔۔ حریت افکار کی نعمت ہے خداداد
چاہے تو کرے کعبہ کو آتش کدۂ پارس ۔۔۔ چاہے تو کرے اس میں فرنگی صنم آباد!
قرآن کو بازیچۂ تاویل بنا کر ۔۔۔ چاہے تو خود اک تازہ شریعت کرے ایجاد
ہے مملکت ہند میں اک طرفہ تماشا ۔۔۔ اسلام ہے محبوس مسلمان ہے آزاد!

جریان اور جریان آب ماں باپ کی اولاد

آپ نے اللہ پاک کے احکام اولاد کو قتل نہ کرنے کے تعلق سے سن لئے ۔ والدین ہوتے والی اولاد ہی کو قتل نہیں کر رہے ہیں بلکہ پیدا ہونے کے بعد بھی اولاد کس کس انداز سے عدم تربیت وتعلیم اور بے حیائی کے ہتھیاروں سے جسمانی اور روحانی طور پر قتل کی جارہی ہے وہ بھی سننے کے قابل ہے ۔ تربیت وتعلیم کے چار اقسام ہیں (۱) جسمانی تربیت وتعلیم (۲) دینی تربیت وتعلیم (۳) قلبی تربیت وتعلیم (۴) روحانی تربیت وتعلیم ۔ اس کتاب میں اتنی گنجائش نہیں کہ ان چاروں تعلیم وتربیت کے اقسام پر بحث کی جائے ۔ اللہ پاک فرماتے ہیں :۔

وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۖ

(پارہ ۸ سورہ انعام آیت ۱۵۲)

ترجمہ : اور بے حیائی کے جتنے طریقے ہیں ان کے پاس بھی مت جاؤ خواہ وہ علانیہ ہوں یا پوشیدہ ہوں ۔

مسلمان گھروں میں یہہ حال ہے کہ دن رات کے کسی گھر میں تلاوت قرآن ہے نہ دینی تعلیمات یا دینی تذکرے بلکہ فلمی نخش نیم برہنہ گانے اور ٹی وی پر برہنہ بوس وکنار کرتے' چھاتیوں اور جوبن کے برہنہ حصوں کے نشیب و فراز کی عجیب انداز سے دکھاوٹ جسم کی بے حیا انداز سے سجاوٹ جسکو والدین اپنی اولاد کے ساتھ بیٹھ کے دیکھتے ہیں۔ جذبات شہوت برانگیختہ و مشتعل ہوتے ہیں۔ والدین تو شہوت کا علاج فرمالیتے ہیں۔ نابالغ اولاد قبل جوانی شہوت میں مبتلا۔ غیر شادی شدہ جوان اولاد خیالی شہوت اور جو عشق میں مرض جریان و مرض جریان آب سیلان الرحم' لیکوریا میں مبتلا ہوجاتی ہے جو ہر زندگی ضائع ہونا شروع ہوجاتا ہے۔۔ جب ان کی شادی ہوگی تو یہہ جریان اور جریان آب اور سیلان الرحم کے مریض کس قدر طاقتور اور اچھے دماغ رکھنے والی اولاد کو جنم دے سکیں گے۔ ظاہر ہے ایسی ناقص دماغ اور جسم کی اولاد کیا قوم کے لئے بوجھ نہیں بن جائے گی۔ یہہ سب بے حیائی کے نتیجے ہیں۔۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "حیا نصف ایمان ہے"۔ سوال یہہ ہے کہ جب مکمل ایمان ہی غائب ہوجائے تو نصف ایمان کی حفاظت کون کرے؟

اس لئے علامہ اقبالؒ نے فرمایا کہ مغرب کی پیروی کے بارے میں۔

میخانے یورپ کے دستور نرالے ہیں ؛ لاتے ہیں سرور اول دیتے ہیں شراب آخر
زمانہ آیا ہے بے حجابی کا عام دیدار یار ہوگا ؛ سکوت تھا پردہ دار جس کا وہ راز اب آشکار ہوگا
تمہاری تہذیب اپنے خنجر سے آپ ہی خودکشی کریگی ؛ جو شاخ نازک پہ آشیانہ بنے گا' ناپائیدار ہوگا

مسلمان والدین کی تربیت اور تعلیم کا انداز کیسا ہونا چاہیئے اور کیا ہوگیا ہے؟

ہم آئندہ کا آخری خون آلود باب لکھنے سے پہلے مسلمان والدین کی تعلیم و تربیت کے تعلق سے یہہ ظاہر کرنا چاہتے ہیں وہ اولاد کی تعلیم و تربیت ایسی کریں کہ اولاد کے سیدھے ہاتھ میں دین رہے اور بائیں ہاتھ میں دنیا۔ سیدھے ہاتھ میں دین اس طاقتور انداز سے رہے کہ بروز حشر جنت کے دروازے بعد حساب خود بخود کھل جائیں اور بائیں ہاتھ میں دنیا اس قدر طاقت کے ساتھ رہے یعنی "مسلمان والدین کی تربیت و تعلیم کا اولاد پہ یہہ اثر ہو کہ ہر اچھائی ہر ٹکنالوجی و ایجادات میں وہ اقوام عالم کے ساتھ اس قدر تیز بھاگ کر آگے نکل جائے کہ اقوام عالم پکار اٹھیں کہ "مسلمان ہر اچھائی کا موجد اور ایجادات حسنہ کا خالق اور علوم سائنس کا سرچشمہ ہوتا ہے۔ یقین کرلیں کہ

عالم ہے فقط مومن جانباز کی میراث ؛ مومن نہیں جو صاحب لولاک نہیں ہے (اقبالؔ)

جہاں تمام ہے میراث مردِ مومن کی ؎ میرے کلام پہ حجت ہے نکتہ لولاک

مگر یہاں تو مسلمان والدین نسلاً در نسلاً اولاد جنم دے رہے ہیں۔ جہلا میں اضافہ کے لئے گداگری کرنے بھیک مانگنے اور بھکاریوں میں اضافہ کرنے کے لئے سیکل رکشا اور آ چلانے کے لئے۔ ٹھیلہ ڈھکیلتے ہوئے بھکاریوں میں اضافہ کرنے کے لئے سیکل رکشا اور آٹو رکشا کے لئے۔ ٹھیلہ ڈھکیلتے ہوئے پکارنے کے لئے موز تین روپیہ درجن، پیاز چار روپے سیر۔ ٹما چار روپے کیلو ___ ہوٹلوں میں بٹلری کرنے اور پیالیاں دھونے کے لئے اولاد جنم دے رہے مسلمان والدین ـ ـ ـــــ ـ

بہر حال مسلمان والدین اور مسلمان اولاد کی اکثریت کا حال یہہ ہو گیا ہے کہ کھیل میں گزرا۔ جوانی نیند بھر سویا۔ بڑھاپا دیکھکر رویا۔ نبی جی! آسرا تیرا"۔ نبی (آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم) ان کامل نوالقی سے ناآشنا جاہل آرام طلب مسلمان اور ان کی اولاد کو کیا آسرا دیں گے جبکہ نبی جی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی مبارک ذات امت محنتی اور باعلم بنانے راہ راست پر لانے محنت اور عمل سے آشنا کرنے عمر بھر اپنی جان پر تکالیف جھیلتی رہی اور اپنی امت حتی کہ اپنی دختر کو خبردار فرما دیا کہ:

(۱) تم سب اپنے آپ کو دوزخ کی آگ سے بچاؤ کیوں کہ میں تمہیں قیامت کے دا بھی نفع و نقصان نہ پہنچا سکوں گا۔ اور فرمایا

(۲) اے فاطمہؓ! تجھے مجھ سے صرف جسمانی تعلق ہے میں رشتہ کی بیل کو صرف د ہی سرسبز رکھ سکوں گا۔ (بخاری) اسلئے علامہ فرماتے ہیں ؎

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی ؎ یہہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

بدترین قابلِ مذمت مائیں اور غیبت

پہلے زمانہ کی قدیم مثل تھی کہ ڈاڑھی والے بیٹھیں مگر چار والیاں نہ بیٹھیں کہ غیبتوں کے انبار لگا دیتے ہیں اس کا مطلب یہہ تھا کہ مرد غیبت محفوظ رہتے تھے۔ آج دیکھنے میں آرہا ہے کہ کم و بیش تمام مرد غیبتوں کے مرض میں مبتلا حتی کہ مسجد میں تک غیبتیں ہو رہی ہیں۔ پہلے کی عورتیں آپس میں غیبتیں کرتی تھیں مگر ا کو اس برائی میں شریک نہیں کرتی تھیں۔ پھر ایک وقت آیا کہ مرد نے اولاد کے شوہروں کی جنہیں پہلے کی عورتیں نیم خدا سمجھتی تھیں غیبتیں کرنی شروع کیں یعنی باپ کی غیب

ولاد کے سامنے ۔ پھر ایک اولاد کی غیبت دوسری اولاد کے سامنے ۔ غیبتیں ہی روح سفلی کی بہترین
غذا اور بہترین ٹانک بن کر رہ گئیں ۔ پوری قوم غیبتوں کی عادی بن گئیں ۔ اِس سلسلہ میں فرامینِ
رسولؐ پیش ہیں ۔

(۱) حضور نبی صادق صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غیبت قتل سے بری بات ہے ۔ (دیلمی)

(۲) حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ پوچھا حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے تمہیں
معلوم ہے غیبت کیا ہے ؟ صحابہ نے عرض کیا : اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے ۔ فرمایا
تمہارا اپنے بھائی کا ذکر اس طرح کرنا جس کو وہ برا سمجھے ۔ عرض کیا گیا " اگر میرے بھائی میں وہ
بات ہو بھی جو میں کہتا ہوں " حضور زندہ قلب روشن ضمیر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر وہ بات
اس میں ہے جو تم نے کہی تب تم نے اس کی غیبت کی اور اگر وہ بات ہے ہی نہیں پھر تو تم نے
اس پر بہتان لگایا (مسلم) ۔ آج کل عام مسلمانوں کا سوال ہی کیا ہے ۔ نام نہاد علماء
غیبت میں مبتلا ہیں اور بہتان تراشی میں بھی ۔ یہ ہے ماؤں کی تربیت ۔

(۳) حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ پوچھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہیں معلوم
ہے کہ غیبت کیا ہے ، صحابہ نے عرض کیا " اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتا ہے " حضور
نے فرمایا اپنے بھائی کا ذکر اس طرح کرنا جس کو وہ برا سمجھے ۔ (مسلم)

(۴) حضرت مستورؓ سے روایت ہے کہ فرمایا نبی اُمی اور علمِ کامل کے حامل حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم
نے جس نے کسی مسلمان کی غیبت کرکے ایک لقمہ بھی کھایا تو خداوند تعالیٰ اتنا ہی لقمہ (آتش)
جہنم کا کھلائے گا ۔ اور جس نے کسی مسلمان کی غیبت کرکے کوئی کپڑا پہنا اللہ تعالیٰ اسے (آتش)
جہنم سے اتنا ہی کپڑا پہنائے گا ۔ (ابوداؤد)

(۵) فرمایا حضور نبی برحق صلی اللہ علیہ وسلم نے غیبت کرنے والا اور غیبت سننے والا دونوں
گناہوں میں شریک ہیں (غزلی)

(۶) فرمایا نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چغل خور جنت میں نہیں جائے گا ۔ (مسلم)

(۷) حضرت انسؓ سے روایت ہے فرمایا سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب میرے
اللہ نے مجھے معراج عطا فرمائی تو میرا گزر ایک قوم پر ہوا جس کے ناخن تانبے کے تھے اور وہ اپنے
چہرے اور سینے کو کھسوٹ رہے تھے میں نے جبرئیلؑ سے پوچھا یہ کون لوگ ہیں جبرئیلؑ نے جواب دیا " یہ لوگ
وہ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے (غیبت کرتے) اور ان کی آبرو اتارتے تھے " ۔ (ابوداؤد)

کس قدر قابلِ مذمت اور قابلِ نفرت ہیں وہ مائیں جو غیبت کے مرض میں مبتلا اور غیبت کے علم میں ماہر ہو کر غیبت کے موذی مرض میں اولاد کو مبتلا کر دیتی ہیں۔

جس علم کی تاثیر سے زن ہوتی ہے نازاں کہتے ہیں اس علم کو ارباب نظر موت

لائقِ لعنت مائیں اور جادو

اللہ پاک قرآن حکیم میں ایسی عورتیں جو جادو کرتی ہیں قل اعوذ برب الفلق کے رو میں فرماتے ہیں۔ ومن شر النفثت فی العقد ۝ ترجمہ: تم فرما دو اس کی پناہ لیتا ہوں جو صبح کا پیدا کرنے والا ہے ... ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکتی ہیں (یعنی جادوگر عورتیں)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سات تباہ کن گناہوں سے بچو۔ لوگوں نے پوچھا اے اللہ کے رسول وہ کون سے گناہ ہیں آپ نے فرمایا اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا، جادو کرنا، ناحق کسی آدمی کو مارنا ڈالنا، سود لینا، یتیم کا مال ہڑپ کرنا، میدانِ جہاد سے بھاگ جانا اور مومن بھولی بھالی عورتوں کو بدکاری کی تہمت لگانا۔ (بخاری شریف)

وہ مائیں جس کا مقام اللہ پاک نے بلند و بالا کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ماں کے قدموں کے نیچے جنت اولاد کے لئے بتلائی۔ افسوس صد افسوس وہی مائیں اپنے اعمال سے جہنم کا ایندھن بن جاتی ہیں اور اولاد کی زندگی کو بھی جہنم بنا کر رکھ دیتی ہیں۔ کس قدر لائقِ لعنت اور جہنمی ہیں وہ مائیں جو عاملوں کے پاس پھر پھر کر عمل اور جادو کرواتیں اور پیٹ میں اپنا بنانے شوہر کو حتی کہ خود اپنی اولاد کے پیٹ میں دوا دلواتی ہیں۔ ایسی چیزیں عاملوں کے پاس سے لا کر مائیں کو فتوں، کلیجی اور بھیجہ کے سالن میں ڈال کر کھلاتی ہیں کہ شوہر اور بیٹا اور داماد اسکے مطیع اور تابع ہو جائیں۔ ہوس اور شہوت کے تحت مزے اٹھا کر اولاد یہ جہنمی عورتیں جنم دیتی ہیں اور عاملوں سے جادو کرواتی ہیں کہ اپنے ذمہ داریوں یعنی چھوٹے بیٹوں کی تعلیم ختم ہونے اور بیٹیوں کی شادیوں تک بیٹا شادی نہ کرے بیٹے کے کپڑے قبل از شادی عاملوں کے پاس لیجا کر گزنٹ کرواتی ہیں اور بعد شادی بیٹے اور بہو کے کپڑے اور بال ناخون وغیرہ لیجا کر گزنٹ کرواتی ہے کبھی عامل شکر پڑھ پڑھ کر دیتے ہیں کہ چائے میں ملا کر پلائیں، سفلے عامل غلیظ چیزیں تک کھلانے دیتے ہیں۔ یہ بدنصیب جہنمی عورتیں اپنے شوہروں اور بیٹوں کی تصاویر عاملوں کے پاس لیجا کر

سے پڑھوا لڑھوا کر پھونکواتی ہیں اور اپنی بیٹیوں کو بھی اس کام میں طاق کر دیتی
۔ اولاد ہونے کے بعد ماؤں کے ان حرکات پر نظر رکھیں ورنہ ایک عورت کے لئے
قیامت باپ بھائی شوہر اور بیٹا پوچھے جائیں گے ۔ ایمان کھو کر یہ نماز بھی پڑھتی
یادد کے علم میں جو عورتیں اور مائیں دخیل ہوتی ہیں ان کے بارے میں علامہ اقبال فرماتے ہیں ۔

جس علم کی تاثیر سے زن ہوتی ہے نازن ؎ کہتے ہیں اس علم کو ارباب نظر موت

اقبال تو ایسی عورتوں اور ماؤں کو نازن کہتے ہیں لیکن درحقیقت ایسی مائیں ناگن
ہیں اور ان کا زہر بڑا خطرناک ہوتا ہے ۔

شرع محبت میں ہے عشرت منزل حرام ؎ شورش طوفان حلال لذت ساحل حرام (اقبال)

بے شرم باپ خصوصاً مائیں

ماں باپ کی محبت ان کا ایثار اور فرائض کی تکمیل
کس قدر لائق تحسین ہوتی ہیں لیکن ایسی مثالیں
بھی جن کو دیکھ کر انسانیت تو کیا حیوانیت بھی شرما جاتی ہے ۔ بعض خود غرض محبت اور ایثار
سے عاری بے شرم باپ اولاد کے فرائض سے اس قدر غافل رہتے ہیں کہ حیوان بلاشبہ ان سے بہتر نظر آتے
ہیں ۔ انسوس تو یہ ہے کہ ماں جو ممتا کا خزانہ کہلاتی ہے ان میں ایسی ہوس پرست مائیں بھی ہیں جو
بچوں کو جنم دیکر کچرے کی کنڈی میں پھینک دیتی ہیں اور دواخانوں میں چھوڑ کر بھاگ جاتی ہیں ۔

لذت پرست بے شرم ماں

اب ہم چند مشاہدات پیش کرتے ہیں ۔ سید محی الدین
منتظم مالگذاری یکایک اللہ کو پیارے ہوگئے ان
کی ۴۲ تا ۴۰ سالہ بیوی جو گیارہ بچوں یعنی ۵ لڑکیوں اور ۶ لڑکوں کی ماں تھی اولاد کی محبت
کے بجائے اس پر شہوت کا غلبہ تھا ۔ سابق شوہر کا وظیفہ رعایتی حاصل کر کے منڈی
کے ایک تاجر سے نکاح خانگی کر کے بچے جنم دینے اور عیش و عشرت میں مصروف ہوگئی
سابق مرد کے گیارہ بچوں کو ایسا چھوڑ دیا جس طرح بلی حاملہ ہو کر اپنے بچوں کو مار کر نکال دیتی
کوئی ہوٹل میں نوکر ہوگیا ، کوئی آوارہ ہو کر رہ گیا ۔ لڑکیاں یعنی سید زادیاں لوگوں کے

گھر میں باندیاں بن کر بے عزتی کی زندگی بسر کر رہی تھیں ۔ علامہ تو ماں کی محبت کا مقام یہہ بتلاتے
شرع محبت میں ہے عشرت منزل حرام ؎ شورش طوفاں حلال لذت ساحل حرام

سراپا درد ہوں حسرت بھری ہے داستاں میری (اقبال)

مشاہدہ دوم، ظالم اور حیوان ماں

میرے ایک عزیز کا واقعہ ہے ۔ خواجہ ایک دولت مند باپ کا بیٹا تھا اسکو جو
میں ٹی۔بی (T.B) ہوگیا۔ پانی کی طرح روپیہ بہایا گیا، بظاہر صحت کے آثار نمایاں ہو
شادی کے تعلق سے ابھی ڈاکٹروں کا مشورہ نہ تھا۔ لیکن ماں کا یہہ بہت لاڈلا بیٹا تھا ۔ ۲۵
خواجہ پاشاہ کے لئے آخر ۱۹ سالہ ایک خوبصورت بہولے آئی گئی۔ ایک سال میں ایک لڑکا
پیدا ہوا ۔ لاکھوں کی جائیداد خواجہ کے نام کی گئی کہ بغیر کمائے آرام سے رہیے ۔ نومولود سجا
ہی سال کا ہوا کہ خواجہ پاشاہ اللہ کو پیارا ہوگیا۔ لاکھوں کی جائیداد، ایک دن آیا کہ کرڈ ورل
ہوگئی ۔ عدالت سے باپ کی جائیداد کی فہرست، داخل کرکے ایک سالہ لڑکے سجاد کو جائیداد کا ما
قرار دیا گیا اور نانا کو عدالت نے نابالغ سجاد کا ولی مقرر کیا۔ جوان ۲۱ سالہ بیوہ، جوان بیٹی
جوانی باپ سے دیکھی نہ گئی ۔ معظم جاہی مارکٹ کے پاس ایک اچار اور گھی کے تاجر سے شا
کردی۔ یہہ بھی از رو ئے شرع کوئی خراب کام نہیں ہوا۔ گھی کے تاجر سے سجاد کی ماں کو
بچے ہوئے۔ اب وہ اس شوہر اور ان بچوں میں مگن اور مست تھی۔ سجاد جو اصل صاحب جا
تھا اس کی حیثیت اس گھر میں نوکر کی سی ماں نے بنا کر رکھدی ۔ قہر خدا کا، کبھی ماں
اسکو اس کی جائیداد کی کبھی اطلاع نہ دی۔ اس جہنمی ماں نے گھی کے تاجر سے ہوئے ایک
بیٹے کو سجاد قرار دیکر پوری جائیداد فروخت یا اپنے نام سے منتقل کروالی ۔ سجاد اب تی
سال کا ہوگیا اور اپنی جائیداد سے لاعلم و بے خبر اس کے کسی چچا نے کبھی اسکو پلٹ کر بھی نہی
دیکھا کہ وہ غصہ میں تھے کہ ماں باپ نے اس قدر بڑی جائیداد کا حصہ مرحوم بھائی کے نام کردی
سجاد جب تیئس سال کا ہوا تو اپنے چچا محمود سے کسی طرح ملا ۔ محمود نے اسکو اسکی جائیداد
واقف کروایا تو سجاد ماں سے جائیداد کے تعلق سے پوچھنے لگا ۔ اس کی ماں نے اپنے دو
بیٹوں یعنی اخیافی بھائیوں سے خوب اس کی پٹوائی کرادی۔ اس قدر پٹوائی کروائی کہ و
پریشان اور خائف ہوکر گھر سے بھاگ نکلا ۔ سجاد کا جرم یہہ تھا کہ اس نے جائیداد

ت سے دریافت ہی کیوں کیا گویا اسکے چچا محمود نے غلط کہا تھا ۔ سجاد ایک دن میرے
کا پتہ محمود کے ذریعہ معلوم کرکے آیا ۔ وہ میرے لئے نیا تھا تعارف کروانے پر میں نے سمجھا
۔ میں نے عدالت سے مثل نکلوا کر اس کی جائیداد کی مکمل تفصیل اور اس کے نقولات
ابطہ عدالت سے دلادیئے ۔ اس نے اس کے فوٹو کاپی لیکر اپنی ماں کو دکھائے ۔
ں نے پھر اسکی پٹوائی اپنے دوسرے بیٹوں سے کروائی ۔ سجاد کے دماغ کا توازن
ں کہتے ہیں ذریعہ جادو پیٹ میں دوا ڈال کر ماں نے اولاً بگاڑ ہی رکھا تھا ۔ حالات سے
ف ہوکر وہ اور بھی بہک گیا ۔ اب غیر شادی شدہ سجاد پچاس سال کا ہو گیا تھا ۔
ں بیٹھا بہکی گفتگو کرنے لگا تھا ۔ آخر قدرت کے اپنے فیصلے سنانے کا وقت
۔ سجاد کا علاتی باپ ذیابطیس کے مرض میں مبتلا ہو گیا اس کی ایک ٹانگ ڈاکٹروں
کاٹ دی ۔ جب وہ زندگی سے ناامید ہو گیا تو سجاد کو بلوایا اور لیٹے لیٹے اسکو سینے
لگا کر رونے لگا ۔ اپنے آخری وقت پر سجاد کے ساتھ کی گئی زیادتی اور جائیداد کی حق تلفی
کی آنکھوں کے سامنے تھی ۔ آخر اس حالت زار میں وہ مرگیا ۔ علاتی باپ تو پھر بھی
قدر متاثر ہوا لیکن ماں نے پھر بھی سنگدلی کا مظاہرہ جاری رکھا ۔ اب قدرت کی انصاف
زار اس پر گری، ایک دن دوران پکوان اس جہنمی ماں کے کپڑوں کو آگ لگ گئی ۔
ہ حیرت انگیز انداز سے کوئلہ بن گئی ۔ جہنمی عورت کے لئے جہنم کی آگ تو مقدر بن ہی چکی
دنیا کی آگ نے جب یہ حالت بنادی تو جہنم کی آگ اسکی کیا درگت بنادے گی قابل غور ہے
قنوطیت مایوسی کی تصویر بنا علامہ اقبال کے اس شعر کی تصویر بن گیا تھا ۔

ٹپک اے شمع آنسو بن کے پروانے کی آنکھوں سے ؎ سراپا درد ہوں حسرت بھری ہے داستاں

اس راز کو عورت کی بصیرت ہی کرے فاش (اقبال)

اولاد کیلئے ماں باپ کا پیدا کردہ تباہ کن ماحول

خودی کی پرورش و تربیت پہ ہے موقوف ؎ کہ مشت خاک میں پیدا ہو آتش ہمہ سوز

ہمارے دوست لکچرار صاحب کو اولاد ہوتے ہوئے دوسری شادی کا شوق جاگا ۔
ہی کی خودی کی پرورش و تربیت ہی کر سکے اور نہ ہی اپنی خودی کو سنوار پائے تھے
سے تن خاکی میں آتش ہمہ سوزی پیدا ہو سکے ۔ پہلے ہی لکچرار صاحب اپنی ایک بغل پر

وحیدہ نامی ناگن کو ایک فتنۂ عظیم کی صورت میں دبائے ہوئے تھے، اب دوسری بغل میں جو گدگدی ہوئی تو گوہر جان کو دوسرے بغل میں بسا لیا یعنی دوسرا نکاح کر لیا۔

مناظر دل کشا دکھا گئے ساحر کی چالاکی (اقبال)

ماحول کی گندگی اور اسکا اثر اولاد پہ

لکچرار صاحب کی دوسری شادی کے قبل کی زندگی کو عالم نزاع سے تعبیر کیا جائے تو لکچرار صاحب کے اس دوسرے نکاح کو خود لکچرار صاحب اور موجودہ اور آنے والی اولاد کے لئے موت سے تعبیر کیا جا سکتا تھا۔ کردار کی موت ــــ خودی کی موت ــــ انسانیت اور شرافت کی موت ــــ انسانیت نیلام ہونے لگی ــــ لکچرار صاحب خودی کا جنازہ اپنے کندھوں پر اٹھائے دونوں بیویوں کے سیاہ کرتوت اور ان کی اولاد کے قابلِ ندامت حرکات دیکھنے پر مجبور تھے۔ پہلی بیوی پٹاخہ تھی تو اب ایٹم بم بن چکی تھی۔

وحیدہ کی جادوگری

پہلی بیوی وحیدہ اب ڈنکے کی چوٹ پر عاملوں کے گھروں کے چکروں اور جادوگری میں مصروف ہوگئی۔ عاملوں کے گھروں سے تعویذ اور ان کی دی ہوئی چیزیں لے آتی اور گھر میں داخل ہوتے ہی سیدھے چولہے میں جہاں گوہر جان پکاتی رہتی ڈال دیتی۔ گوہر جان کے اعتراض پر کہتی "چپ حرامزادی زبان نہ کھول" لکچرار صاحب سامنے موجود رہنے پر زبان کھولنے کی کوشش کرتے تو بھی یہی کہتی "چپ حرام زادے زبان نہ کھول"۔ وحیدہ کی اکلوتی بیٹی نورجہاں آنکھیں کھول رہی تھی اور اس کے سامنے یہ انوکھے تماشے ہو رہے تھے۔

رشک گلزار اور زچگی خانہ بن گئی

بسا اوقات لکچرار صاحب اور وحیدہ کبھی وحیدہ اور گوہر جان میں تیر اندازی ہوتی، پھر نیزہ بازی پھر تلوار کے کرتب کے مظاہرے۔ ایک دن یہی ہوا کہ لکچرار صاحب اور وحیدہ اپنے تیر نیزہ اور تلوار کے مظاہرے دکھلانے کے بعد دورِ جدید کی جنگ کے تحت بمباری میں مصروف تھے۔ لکچرار صاحب کی اہلیہ دوم گوہر جان دردِ زہ سے تڑپ اور چیخ رہی تھی۔ دوا خانہ بغرض زچگی لیجانا تھا۔ لکچرار صاحب اور وحیدہ کے شور پکار میں گوہر جان کی دردِ زہ کی آواز نقار خانہ میں طوطی کی آواز بن کر رہ جاری تھی۔ جب ہمسایہ نے گوہر جان

...ے جلتی تکلیف اور چیخ پکار کی جانب بار بار لکچرار صاحب اور وحیدہ کو متوجہ کیا تو وقت
...آگے نکل چکا تھا۔ رکشا لائی گئی۔ رکشا ہی میں وضع حمل کے آثار نمایاں ہو گئے
...شا میں ہی سے سڑک پر شور با ٹپکنے لگا۔ دواخانہ چار مینار کے گیٹ میں رکشا تھی
...شا گلزار بن کر زچگی خانہ میں تبدیل ہو گئی اور لڑکی نے رکشا میں تولد ہو کر رکشا کو
... اور منور کر دیا۔

...نگ عظیم اور مناظر دل کشا

یوں تو بے شمار جنگیں ہوتی تھیں۔ ایک دن وحیدہ اور گوہر جان اپنے تیر اندازی
...بازی کے کرتب دکھانے اور فائرنگ کے مظاہرے کرنے کے بعد بھی جب نہ تھکے تو بھاری
...آئے۔ وحیدہ اور گوہر جان دونوں گھر کی وسعت کو ناکافی سمجھ کر گھر سے نکل پڑے۔
...کا چونٹہ دوسرے کے ہاتھ میں تھا۔ کبھی بلوز کے پھٹنے کی آوازیں آرہی تھیں
...چولیاں، جو مانگیہ تار تار ہو رہے تھے۔ لکچرار صاحب سے ضبط نہ ہو سکا بیچ بچاؤ
...درمیان میں آ گئے اور کہتے جاتے تھے " رانڈوں کو مستی آگئی ہے"۔
بیچ بچاؤ کرتے کرتے لکچرار صاحب کا پیر پھسل جو گیا تو موری میں جا پڑے
...صندل بن کر چہرے اور جسم کو چومنے لگا۔ تیزی میں جو اٹھے تو لنگی خود کے
...ں میں آکر کھل کر گر پڑی اور بغیر ٹکٹ نمائش کا اہتمام ہو گیا اور عجب مناظر دل کشا
...گئے محلہ میں بچوں اور بڑوں میں اس جنگ کے تذکرے تھے اور مسکراہٹیں۔

ضعیف حضرات کی زبانوں سے حضرت اقبال گویا فرما رہے تھے۔

کیا گم تازہ پرانوں نے اپنا آشیاں لیکن ؎ مناظر دل کشا دکھلا گئے ساحر کی چالاکی

اس ماحول میں لکچرار صاحب کی اہلیہ اول وحیدہ کی اکلوتی بیٹی نورجہاں اور گوہر جان کے
...تے بیٹے اورنگ زیب نے شعور سنبھالا تو اپنی اپنی ایک داستان زمانہ کو سنانے
... ایک جانب تو یہ گندہ ماحول اور دوسری جانب اکلوتی بیٹی نورجہاں کے لئے وحیدہ
...د پیار اور گوہر جان کا لاڈ پیار اپنے اکلوتے بیٹے اورنگ زیب کے لئے۔ ماں باپ
...لاد کی صحیح تربیت کے لئے سازگار ماحول پیدا کرنا اور بیجا لاڈ و پیار سے گریز بھی ضروری
...ہے ورنہ سمجھا جائے گا کہ ماں باپ نے اپنے حقوق تربیت ادا نہیں کئے اس لئے
...کے برحق رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اچھی تہذیب سے زیادہ ایک باپ کا

اپنی اولاد کے لئے کوئی عطیہ نہیں ہے (ترمذی) اور ماں کے تعلق سے نبی حق شناس نے فرمایا باپ کے مقابلہ میں ماں کا دوگناہ حق ہے (ابنِ منیع) دوگناہ حق اسلئے کہ بچہ کی پیدائش رضاعت یعنی دودھ پلانا پرورش اور تربیت کرنا ماں کا اہم ترین حصہ ہوتا ہے۔ اب یہ دیکھیںگے کہ باپ یعنی لکچرار صاحب اور مائیں وحیدہ اور گوہر جان نورجہاں اور اورنگ زیب کی کس انداز سے پرورش و تربیت کرتے ہیں۔

روشن اس ضو سے اگر ظلمت کردار نہ ہو (اقبال)

وحیدہ کی دختر

گھر کے ماحول کی گندگی اور وحیدہ کی یکسر غلط تربیت لاڈ وپیار نے اسکی اکلوتی بیٹی نورجہاں کو اس کے نام کا بالکل برعکس بناکر رکھدیا تھا۔ یعنی وہ تاریک جہاں بن چکی تھی وہ نہ ماں اور باپ کے گھر کا نور ثابت ہوئی اور نہ ہی کسی شوہر اور سسرال کے گھر کا۔ صورت وشکل کا جہاں تک سوال تھا۔ صورت ڈھونڈی ۔ ناک پر سے بس کے یکے بعد دیگرے کئی پائے گزر گئے تھے کہ چہرے پر ناک نظر ہی نہ آتی تھی چھ مرتبہ میں ایس ایس سی پاس کیا تھا ۔ کئی دولھے والوں نے دیکھا تو کسی نے گاؤ تکیہ قرار دیا کسی نے سیٹھ جی کسی نے چینی عورت ۔ لکچرار صاحب کی حقیقی بہن کا بیٹا شکیل جو واقعی شکیل تھا۔ اس کے لئے لکچرار صاحب کی بہن نے ازراہ محبت نورجہاں کو پسند کرلیا۔ شادی ہوگئی شکیل نے نورجہاں کو مزید تعلیم دلائی لیکن نورجہاں کو شکیل پسند نہ تھا اور شکیل پھوپھی یعنی ساس خسر سب کو برملا ماں کی طرح گالیاں دیتی اسے دیوانہ ثابت کرنے لگی اپنے شوہر کو غیر مردوں سے پٹوانے تیار ہوگئی ایک ہنگامہ در قیامت بپا تھی۔ آخر لکچرار صاحب نے اپنی بہن پر دباؤ ڈال کر طلاق دلادی۔ شکیل پر اس دباؤ کے تحت طلاق دینے کا ایسا اثر ہوا کہ وہ حسین ساگر کے تالاب میں گر کے ایک سیاہ بخت، سیاہ کردار عورت کیلئے اپنی جان دیدی۔

طوائف سے بدتر گندگی پھیلانے والیاں

اب نورجہاں کی قوت شہوت جو جاگ اٹھی تھی ماں سے فوری دوسرے شوہر فراہم کرنے کا مطالبہ شروع کیا۔ اس سلسلہ میں رات دن ماں اور بیٹی کی فحش گالیوں کا تبادلہ ہوتا پھر نورجہاں باپ کو برملا سامنے فحش گالیوں سے نوازنے لگی

ے کہ وہ اپنی ماں وحیدہ کی زبان بن گئی ہو۔ ماں بیٹی کے جھگڑے فحش کلامی سے جب
دن آگے بڑھے تو ماں آخر ماں تھی وہ مہمانوں کی موجودگی کی بھی پرواہ کئے بغیر بیٹی پر
ٹ پڑی نہ صرف بلوز بلکہ اس کی چولی کو پھاڑ کر سب مہمانوں کے سامنے اسکو برہنہ کر دیا
بے نے اپنی آنکھوں پہ ہاتھ رکھ لئے۔ سب کی زبانوں پر تھا لاحول ولا قوۃ
باللہ العلی العظیم۔

آخر کار ایک ان پڑھ بے روزگار بدصورت ہٹے کٹے مُسٹنڈے علیم سے اس ہٹی
نورجہاں کا عقد پڑھوایا گیا۔ خواہشات جسمانی کی تکمیل ہوئی۔ نورجہاں ایک اسکول کی
بن گئی۔ ہٹا کٹا مُسٹنڈے بے روزگار علیم نے نورجہاں کو تین بچوں کی ماں بنا دیا
ر وہ اس کی کمائی سے کھاتا اسلئے نورجہاں اُسے ہیجڑے کے نام سے پکارتی۔ اس سے
یاں دھلواتی، گھر کا کام وہ کرتا پھر ہر فحش کلامی کو وہ برداشت کرتا۔ محلہ والے کہتے کہ
یا اور بے غیرت خاندان میں ایک اور کا اضافہ ہوگیا ہے۔

طوائفیں بدنام ہیں۔ ماں اور باپ کی غلط تربیت نے سماج کو طوائفین سے زیادہ گندہ
ا تھا۔ اس سے ظاہر ہو گیا ہوگا کہ والدین اولاد کی کس انداز سے پرورش کریں اور اپنا
س انداز سے پیش کریں۔

بیچارہ صاحب اور وحیدہ کی ہنگامہ خیز شرمناک زندگی گندہ ماحول اور وحیدہ کی بھیانک
یت نے نورجہاں کو تو تباہ کر دیا ہی تھا اب نورجہاں کے بچے اس گندہ ماحول میں آنکھیں
ل رہے تھے۔ مسلمان گھرانے تعلیم یافتہ ہوں تو بھی تعلیم سے زیادہ پاکیزہ ماحول اچھی تربیت
کے لئے درکار ہے۔ بقول علامہ اقبال

جس قوم نے اس زندہ حقیقت کو نہ پایا ؎ اس قوم کا خورشید بہت جلد ہوا زرد

کیا یہی ہے معاشرت کا کمال؟ (اقبال)

غلط تربیت ماں کی یا شیطان کے اثرات

گوہر جان کے اکلوتے بیٹے اورنگ زیب نے ایک گندہ ماحول میں آنکھیں
ں اور اس کے اثرات قبول کئے تو دوسری جانب گوہر جان کے لاڈ و پیار نے اسکو تباہ
لا۔ وہ جوں جوں بڑا ہوتا جا رہا تھا وہ وحیدہ اور گوہر جان کے جھگڑوں میں حصہ لینے

لگا تھا۔ علاتی ماں کے ساتھ شرمناک فحش کلامی سے پیش آتا۔ پڑھنے کے لئے تو وہ گویا
ہی نہ ہوا تھا۔ چھ سال میں بھی لکچرار صاحب نے اپنے اثرات سے کام لیکر ایک ایک پر
میں نقل کروا کر اسکو ایس ایس سی کروادیا۔ بغیر محنت کے کھانے اور ماں کے لاڑ و پیار
اسکو پہلوان نہیں تو پہلوان نما تو بنا دیا تھا۔ نور جہاں سے تو اسکی لڑائی ایسی ہوتی کہ د
لڑ رہے ہوں۔ بیس سال سے اونچا ہوگیا تھا چہرے پر ڈاڑھی رکھے ہمہ اقسام کی برائی
انجام دینے پھر نماز پڑھنے اور ہر ایک کو کافر کہنے میں مصروف رہتا۔ ماں سے ہر کام
انداز سے لیتا۔ کھانا کھاتے وقت پینے کا پانی طلب کرتا۔ ماں تیزی سے پانی لانے کی
یہی بھی لانے کے دوران کئی مرتبہ ڈانٹ دیتا۔

لکچرار صاحب جب اسکے حرکات سے پریشان نظر آتے تو گوہر جان نوری اسکی دما
خرابی بتلا کر سنبھال لیتی۔ آخر ڈاکٹر مجید خان سے رجوع کروایا جاکر علاج اور دماغ کا ایکسرے لیا
ڈاکٹر نے دماغی خلل نہ ہونے کی تصدیق کر دی۔ اب گوہر جان نے اس پر شیطانی اثرات ہو
کا یقین دلایا اب عاملوں پر سینکڑوں روپیہ برباد ہونے لگا۔ عاملوں نے کہا کہ کسی مسجد
وہ سو گیا تھا کہ احتلام ہوگیا۔ خبیث وارد ہوگیا۔ برسوں ہزارہا روپیہ برباد ہوا۔ فا
نہ ہونا تھا نہ ہوا ــــ آخر لکچرار صاحب اللہ کو پیارے ہوگئے لیکن اس مفت خور اور
پر باپ کے مرنے کا اثر ہوا نہ کوئی تبدیلی پیدا ہوئی۔ تبدیلی ہوئی تو یہ کہ وہ ماں پر ظالم
کی طرح ظلم کرنے لگا۔ موسل اور لکڑی اٹھاتا بے شرم ماں اسکو برباد کرتی رہی یہاں تک
اس نے ماں کو مارنا شروع کیا۔ جب اسکے باپ کے ملنے والے معمر ہستی کو اس کی اطلاع ہو
تو اس نے اسکا ایسا ناطقہ بند کیا اور محلہ کو اس کے خلاف کر دیا کہ اس کا چلنا پھرنا مشک
ہوگیا تو شیطان خود بخود بھاگ گیا۔ کسی عامل کی اب ضرورت تھی نہ کسی تعویذ کی۔

علامہ اقبالؒ نے سچ فرمایا ہے

آزادی افکار سے ہے ان کی تباہی
رکھتے نہیں جو فکر و تدبر کا سلیقہ
ہو فکر اگر خام تو آزادی افکار
انسان کو حیوان بنانے کا طریقہ!

اگرچہ بت ہیں جماعت کی آستینوں میں
مجھے ہے حکمِ اذاں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

مسلمان والدین باخبر ہو جائیں کہ دینِ ابراہیمی (دینِ محمدی) کی بنیاد "لَا" پر ہے

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سورج کو نکلتا دیکھا سمجھا یہ میرا "الٰہ" (معبود)
. سورج ڈوب گیا۔ ابراہیم علیہ السلام نے فوری فرمایا "لا" نہیں یہ میرا معبود نہیں۔
چاند اپنی آب و تاب دکھانے لگا۔ سوچا یہ میرا "الٰہ" (معبود) ہوگا۔ صبح اس کے
ب ہو جانے پر پھر آپ کی زبان سے نکلا۔ "لا" نہیں یہ میرا معبود نہیں۔ بہتے ہوئے
ر دریا سے لیکر دنیا کی ہر شئے پر نظر ڈالی اور اس کا تجزیہ کیا۔ ہر وقت بعد تجزیہ
، سے نکلا "لا" نہیں یہ میرے معبود نہیں۔ جسکو زوال ہو جو پیدا ہوں اور ختم
بن جو جنم لیں اور مر جائیں وہ معبود نہیں ہو سکتے۔ آخر اللہ پاک نے محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم
ح آپ کو آگاہ فرمایا کہ معبودِ حقیقی کس انداز، کن اوصاف اور کس قوت کا ہوتا ہے یعنی۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ يَلِدْ ۙ
ْ يُوْلَدْ ۝۳ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

ترجمہ: آپ (اے پیغمبر) فرما دیجئے کہ اللہ ایک ہے ۝ اللہ بے نیاز ہے
کا محتاج نہیں ۝ اسکے اولاد نہیں اور نہ کسی کی اولاد ہے اسکے برابر کا کوئی نہیں ۝۔

مسلمان والدین پر لازم ہے کہ وہ ہر مصنوعی اور فرضی معبودوں کو "لا" کی تلوار
اٹ کر رکھدیں اور حقیقی معبود کو اپنا معبود تسلیم کریں جیسا کہ مندرجہ بالا سورت
للہ پاک نے اپنے اوصاف اور شان بتلائی ہے۔ خود بھی اور اولاد کو بھی شیاطین
جا اور پرستش سے بچائیں۔ مسلمان والدین پر اولاد کا پہلا اور اولین حق یہی
ر قرآن کا مطالعہ کریں کہ فرضی معبود اور ان کی پرستش کرنے والے دونوں بروز قیامت

جہنم کا ایندھن ہونگے علامہ اقبال ایسے لوگوں کو جو مصنوعی معبودوں کو مانتے ہیں ان کو اس طرح تعلیم دیتے ہیں۔

اگرچہ بت ہیں جماعت کی آستینوں میں ؛ مجھے ہے حکمِ اذاں لا الہ الا اللہ
یہ مال و دولت دنیا و رشتہ و پیوند ؛ بتان وہم و گماں لا الہ الا اللہ (اقبال)

مسلمان کہلانے والے بغرض فراغت مال و دولت شیاطین کی پرستش کرنے لگے

ایسے باپ اور خصوصاً ایسے ماؤں کی کثرت ہوتی جارہی ہے جو فراغت دنیاوی مال و دولت و حکومت کی خاطر شیاطین زرسو اور شیخ سدو اور دیگر شیاطین کی پرستش میں لگ گئے ہیں اور اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرکے نمازیں بھی پڑھتے ہیں، حج بھی کرتے ہیں۔ اس کی مثال بالکل ایسی ہے کہ ایک عورت کسی ایک سے نکاح کرتی اور اس کی بیوی ہونے کا کالی پوت کا لچھا پہن کر اعلان کرتی لیکن در پردہ کسی اور مرد سے ناجائز تعلقات بھی رکھتی ہے۔ یہ شرک اللہ کی ذات میں کسی کو شریک کرنا ناقابل معافی جرم ہے۔ ایسے ماں باپ جو ایسے شرک میں مبتلا ہیں سوچیں کہ اللہ اپنے کلام پاک میں فرما رہے ہیں۔

اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود مت تجویز کرو ورنہ تو بدحال بے یار و مددگار ہوکر بیٹھ رہے گا اور تیرے رب نے حکم کر دیا ہے کہ بجز اسکے کسی کی عبادت مت کرو اور تم اپنے ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کیا کرو۔ (پارہ ۱۵ سورہ بنی اسرائیل ۱۷ رکوع ۲)

کس قدر افسوس کی بات ہے کہ ایک طرف اللہ پاک شرک سے منع فرما کے اسکی سزا بتلا رہے ہیں دوسری طرف اولاد کو ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کا حکم فرما رہے ہیں یہی ماں اور باپ شیاطین کی پرستش کر کے اور اولاد کو اسمیں مبتلا کر کے خود کو اور اولاد کو جہنم کا ایندھن بنا رہے ہیں صرف مال و دولت کی ہوس میں جبکہ اللہ پاک قرآن میں فرما رہے ہیں۔

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۝ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝
كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝

(پ ۳۰ آیت ۱ تا ۴ سورہ تکاثر)

ترجمہ: (لوگو!) تم کو (مال کی) بہت سی طلب نے غافل کر دیا۔ یہاں تک کہ تم نے قبروں کا منہ دیکھا دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا پھر ہاں ہاں تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا۔

علامہ اقبال شیاطین کو مان کر اپنے آپ کو نمازوں، روزے اور حج کے ذریعہ مسلمان
...ـنے والوں کے بارے میں فرماتے ہیں۔
نماز روزہ و قربانی و حج ٭ یہ سب باقی ہیں، تو باقی نہیں ہے

...شرک مسلمان نما
...باپ بیٹے نسل در نسل

اخبارات کی یہ خبر کس نے نہیں پڑھی کہ کشمیر کے چیف منسٹر (سابق) فاروق عبداللہ نے اپنے باپ شیخ عبداللہ کے نقش قدم پہ چل کر جموں کے مشہور مندر میں وشنو دیوی کی پوجا کی اور وشنو دیوی کے آشیرواد حاصل ہونے کا ...ظہار کیا۔ پھر مسجد میں نماز کے لئے اور کعبہ حج کے لئے روانہ ہوئے۔ شیخ عبداللہ نے ...بیٹے کو شرک کا تحفہ دیا اور فاروق عبداللہ نے اپنے بچوں کو شرک کی راہ بتلائی۔ ایمان ...اور چیف منسٹری بھی جاتی رہی۔ مشرک کی نماز نماز ہوتی ہے نہ ہی حج حج ...ہے۔ علامہ اسلئے فرماتے ہیں۔
...نماز زندگی میں ابتدا لا انتہا الا ٭ پیام موت ہے جب لا ہوا الا سے بیگانہ

(۲)

ایک مشاہدہ : شاہ علی بنڈہ میں ایک حسین نامی شخص مکانات کی دلالی ...۔ نہایت ہی غریب بدحال مفلوک الحال۔ ایک وقت آیا کہ وہ کافی دولت مند اور ...ب جائیداد ہوگیا۔ اپنے قلمدان کی کنجی کو اپنی جان سے بڑھکر حفاظت سے رکھتا ...ایک وقت مقررہ پر وہ کچھ دیر کے لئے کمرہ میں بند ہوجاتا۔ اس کی اولاد ...کہ قلمدان میں نوٹ گنتا اور اضافہ کرکے رکھتا ہے۔ ایک دن یہ جہنم نصیب ...ے چل بسا۔ بیٹوں نے اسکو دفن کرنے کے بعد بڑے کرب و اضطراب سے ...کا قلمدان کھولا کہ روپیہ آپس میں تقسیم کرلیں۔ جب کھولا تو بیٹے حیران رہ گئے ...دان میں ایک گڑیا (نرسو) ایک گھنٹی کوکو وغیرہ یعنی پوجا کا سامان رکھا ... اللہ نے انہیں ایمان کی حرارت عطا فرمائی تھی آپے سے باہر ہوکر لاحول پڑھی ... اشیاء موسیٰ ندی میں پھینکنے گھر سے نکل پڑے۔ راستے میں آشا ٹاکیز کی موڑ پر ...ٹکر کھائے کہ زبردست زخمی ہوگئے۔ مگر وہ برابر بحالت تکلیف بھی ان چیزوں ...سیٰ ندی میں پھینک آئے۔ بعد میں مصائب کا ایک سلسلہ تھا جس کا وہ برابر

ایمان کی حفاظت کے لئے مقابلہ کرتے۔ مکانات جلتے رہے۔ مالی حالت کمزور ہوگئی مگر وہ ایمان پر قائم رہے اور باپ کے نقش قدم پر نہ چلنے کا عہد کرلیا اور اپنے عہد پہ قائم رہے بقول علامہ وہ اچھی طرح جانتے تھے کہ

بتوں سے تجھ کو امیدیں خدا سے نومیدی ؛ مجھے بتا تو سہی اور کافری کیا ہے

بھروسہ کر نہیں سکتے غلاموں کی بصیرت پر (اقبال)

(۳)

مرشد اور پوجا

سید اسمٰعیل شاہ ایک مرشد تھے ان کے کافی مرید تھے ایک بیٹی اور چار بیٹوں کے یہ مرشد باپ تھے۔ ساجد ہم عمر اور دور کا رشتہ دار تھا۔ اس نے اپنے بیٹے سلیم کے لئے مرشد اسمٰعیل کی بیٹی کا انتخاب کیا۔ رسم ہوا ایک دن آیا کہ شادی بھی ہوگئی۔ ایک دن ساجد کسی کام سے اسمٰعیل کے مکان کے قریب تک گیا تھا۔ اسمٰعیل کے گھر بھی بعد ختم کام چلا گیا۔ صبح کا وقت تھا۔ مرشد اسمٰعیل کے بارے میں اس کے گھر والوں نے بتلایا کہ وہ اس وقت اپنے حجرہ خاص میں محو عبادت رہتے ہیں۔ کسی کو جانے کی اجازت نہیں۔ ایک تو ساجد لڑکے کے باپ اور سمدھی ہم عمر اور رشتہ دار تھے یہ سننے کے بعد بھی کہ اسوقت کوئی ان کے حجرے کی جانب نہیں جاسکتا سخت تاکید ہے۔ ساجد بلا خوف دبلا تکلف عبادت کے حجرے کی جانب بڑھے‘ قریب حجرہ کے تھے‘ دروازے کے پٹ بھیڑے ہوئے مگر نیم وا تھے۔ سمدھی ساجد نے اپنے مرشد سمدھی کو عجیب حال میں دیکھا کہ چکرا کے رہ گئے۔ سید اسمٰعیل شاہ مرشد نرسو کے بت کے سامنے چکر لگاتے کچھ پڑھتے ”کوکو“ لگاتے اور ناریل پھوڑتے نظر آئے۔ نرسو کے پتلے کے چکر لگانے اور چھوٹی سی گھنٹی بجانے میں ایسے مصروف تھے کہ اپنے سمدھی ساجد کو بھی نہ دیکھا۔ ساجد فوری پلٹ گیا اور گھر آکر سر پکڑ کر بیٹھ گیا ـــــ بیوی اور لوگوں سے کہہ رہا تھا کہ کیا دھوکہ کھایا کس گھر کی بیٹی کو لے آیا۔ بہو پر ایک ہنگامہ بپا کر دیا لوگوں نے اور بیوی نے سمجھایا کہ باپ کے کرتوت کی سزا بیٹی کو نہیں دی جاسکتی۔ آخر ساجد کے سمجھ میں آگیا اس نے اپنی بہو کو حکم دے دیا کہ باپ کے گھر قدم نہ رکھے۔ مگر کب تک۔ بیٹی چھپ چھپا کر جاتی رہی۔ پھر ایک دن آیا کہ اسمٰعیل جہنم رسید اور ساجد جنت کو پہنچ گیا۔

ین بیٹے باپ اور ماں کے نقش قدم پر چلنے لگے ایک بیٹے نے اس راہ پر چلنے سے
یا۔ خستہ حال زندگی گزار رہا تھا گویا ایک طرف اللہ پاک کی آزمائش تھی۔ دوسری
یطان کے عنایات تھا۔ آزمائشات میں پورا اترنے والا داخل جنت تھا اور شیطان
ں سے فیضیاب ہونے والے داخل جہنم معہ اپنے فرضی معبود کے۔ اللہ کے بندے
مصطفیٰ کے غلام بن کر جینے والے ہی دراصل مردانِ حر ہوتے ہیں اور شیاطین کو ماننے
احب کردار نہ صاحب بصیرت اور نہ لائق بھروسہ اسلئے علامہ اقبال فرماتے ہیں۔

بھروسہ کر نہیں سکتے غلاموں کی بصیرت پر ✱ کہ دنیا میں فقط مردانِ حر کی آنکھ ہے بینا

(۴)

جسکی کہانی خود اسکی زبانی ✱ جاہل عورتوں پر فضل ربی

بیان جہانگیر بی

جہانگیر بی جڑچرلہ ضلع محبوب نگر کے تعلقہ کی ایک ان پڑھ عورت تھی اس کا باپ کپڑوں کا تاجر اور بھی بڑی دوکان کا مالک تھا۔ نوکر چاکر، روپیہ کی فراغت۔ آرام دہ زندگی۔ وہ پ کی اکلوتی بیٹی تھی اس کے ماں باپ دنیاوی فراغت کے لئے نرسو کو مانتے اور سلمان ظاہر کرتے تھے۔ وہ بھی باپ کے انتقال کے بعد ماں باپ کے نقش قدم پر چل کر انتی تھی رہی۔ ایک دن وہ وعظ میں گئی۔ واعظ کہہ رہا تھا اللہ پاک کے سوا کسی ی معبود کو ماننا پوجنا گناہ عظیم ہے دائمی جہنم ان کے لئے ہوگی۔ ان پڑھ جہانگیر بی پر ں کا ایسا اثر ہوا کہ گھر آکر پوجا کا سب سامان اور نرسو کا پتلا ایک ویرانے میں پھینک ۔ دیا اور صدق دل سے آئندہ نہ پوجنے توبہ کرلی۔ اللہ کی آزمائش شروع ہوئی۔ گھر ویران ہوگیا۔ اس کا شوہر مرگیا مگر اس ان پڑھ عورت نے ہر امر کو اللہ کے ے تعبیر کیا۔ شہر آکر ماماگری کرلی۔ پریشانیاں اٹھائی مگر اللہ پاک کو ایک مانا ودس سال کی عمر میں مرگئی۔ بلاشبہ اللہ پاک اسکو دامن رحمت میں لیکر دائمی جنت عطا فرمائینگے۔

(۵)

بیان رحیمہ بی

محبوب بی ہائیکورٹ کی اصیل تھی۔ مالی حالت پر لوگ رشک کرتے تھے۔ محبوب بی نرسو کو مانتی ی بیٹی رحیمہ بی ماں کی زندگی ہی سے اس کام کو ناپسند کرتی۔ محبوب بی ایک دن راستے

میں موٹر سے ٹکرا کر مر گئی ۔ محبوب بی کے دفن کے بعد رحیمہ بی نے پہلا کام یہہ کیا کہ ڈبہ میں نرسو کا پتلا اور پوجا کا جو سامان تھا سب کچرے کی کنڈی میں پھینک دیا ۔ پھر قدرت کے امتحانات شروع ہوئے اس میں اور اس کے شوہر میں ان بن ہو گئی ، دور دور رہنے لگے ۔ ہر قسم کی پریشانیوں کا سامنا کیا مگر ایک اللہ واحد کو مانا ۔ نرسو کی طرف پلٹ کر بھی دنیاوی فراغت کی خاطر نہ دیکھا ۔ اتفاقاً وہ بھی راستے میں ٹکر کھا کر مری ۔ دونوں کی اموات میں کتنا فرق تھا ۔ محبوب بی مرکر جہنم کا ایندھن بن گئی اور نرسو کی امت ۔ رحیمہ بی مرکر شہید ہوئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں رہی اور دامن رحمت میں جگہ پائی ۔ علامہ فرماتے ہیں ۔

باطل دوئی پسند ہے حق لاشریک ہے ؛ شرکت میانہ حق و باطل نہ کر قبول

قوت عشق سے ہر پست کو بالا کر دے

دہر میں اسم محمدؐ سے اجالا کر دے (اقبال)

مسلمان والدین کی خطرناک قسم جو جہنمی بن کر اولاد کو جہنمی بنا دیتے ہیں

مسلمان والدین کی قابل نفرت اور از روئے احکام واجب القتل قسم وہ ہے جو کفار اور مشرکین سے زیادہ خطرناک ہے ۔ یہہ قسم ان والدین کی ہوتی ہے جو شیاطین کو مان کر اللہ پاک رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم انبیاء کا مقام دیتے ہیں ۔ معراج ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں ۔ توہین اللہ پاک توہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم توہین انبیاء اور توہین مذہب کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے پھر ڈاڑھیاں رکھتے اور خود کو مسلمان ظاہر کرتے ہیں اس سلسلہ میں ہمارا کتابچہ "مسلمانو! آنسو بہاؤ خون کے" کا مطالعہ ان جہنمیوں کی حرکات سے آگاہ کر دیگا جس میں چشم دید گواہوں کے بیانات بھی ہیں اور دیوبند نظامیہ اور دیگر علمائے کرام کے فتاوے بھی موجود ہیں تو یہاں مزید معلومات ہم دینا مناسب نہیں سمجھتے ہیں کہ

مشاہدات (۶)

جانی میاں کبھی نماز پڑھتے نہ مذہب کے کسی احکام کے پابند تھے صرف ڈاڑھی رکھے ہوئے قلندر کی صورت بنائے بقول شجاع خاور ایسے قلندر تھے ۔

اگر بولے تو پردہ رہ نہیں سکتا قلندر کا ؛ نہ بولے تو بھلا کردار ہی کیا قلندر کا

اٹھاتا ہے کوئی اور آج خرچہ قلندر کا ؛ نہ وہ تیور قلندر کے نہ وہ لہجہ قلندر کا

شا شہر والوں نے کیا۔ اچھا قلندر کا ؎ کہیں فطرت قلندر کی کہیں چہرہ قلندر کا

حقیقت اور تعریف تو علامہ اقبال نے یوں کی ہے۔

ر دمہ وانجم کا محاسب ہے قلندر ؎ ایام کا مرکب نہیں راکب ہے قلندر

للہ کا کہ جانی میاں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویر یعنی شبیہہ اپنے پاس رکھکر لوگوں
یہہ ایک گناہ عظیم تھا۔ آپؐ کا جسم نور سے بنا ہوا اور سایہ زمین پر نہ گرتا تھا بقول حضرت
یوسف علیہ السلام کو دیکھکر عورتوں نے اپنی انگلیاں کاٹ لیں اگر وہ میرے یوسف محمد صلی اللہ
ں کو دیکھتے تو اپنے دل کاٹ لیتے۔ کون ہے جو اس پاک ہستی کی تصویر بناسکے اور حُسن کو
اہر کرسکے۔ اس گناہ عظیم کا نتیجہ یہہ ہوا کہ جانی میاں مرکر شیطان بنے۔ گھر میں سایہ کی طرح اس
ساتھ رہنے لگے جن کو ستر سال کی عمر تک بوالہوسی میں جنم دیا۔ اب اس بدنصیب اولاد نے
ول کے عجیب گل کھلانے شروع کئے۔ ستم بالائے ستم یہہ کہ ان کی بیوی زینب نے
راغت کے لئے اپنی پوری اولاد کو سوائے ایک کے اپنے داماد میر محبوب علی جو فلسفہ اسلام
ت کا ایم اے M.A اور ابلیس کا نمونہ تھا کو دیکر نرسو شیطان کو ماننا اور رسول
نیار بنا کر ان کو مسند پر بٹھانا اور توہین رسول کا ایک سلسلہ شروع کردیا۔

...والدین اور توہین رسولؐ ...والے والدین میں فرق

حضرت اسماءؓ بنت ابوبکر صدیقؓ فرماتی ہیں کہ میری
ماں مشرک تھی اور میرے پاس آئی تھی میں نے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا "یا رسول اللہؐ! میری ماں
، پاس آئی ہے اور اسلام سے بیزار اور مشرک ہے کیا میں اس کے ساتھ اچھا سلوک کروں؟
صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا" ہاں اچھا برتاؤ کرو (بخاری) جہاں تک مشرک والدین کا سوال
رک والدین کی خدمت اور اچھے سلوک کے احکام ہیں جہاں تک توہین رسول اور توہین مذہب کا سوال ہے
الدین واجب القتل ہیں۔ ملاحظہ ہو صدیق اکبرؓ ابو عبیدہؓ کا طرز عمل اور قرآن پاک :- حضرت ابوبکر
کے والد ابو قحافہ نے اپنے کفر کی حالت میں ایک مرتبہ رسول اللہؐ کی شان میں کوئی ناشائستہ کلم
نکالا۔ حضرت صدیق اکبرؓ کا کمال ایمان بھلا اس گستاخی کو کب برداشت کرسکتا تھا آپ نے اا
طمانچہ مار دیا جب آقائے دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں یہہ واقعہ پیش ہوا تو حضرت صدیق اکبرؓ
کیا "یارسول اللہؐ! میرے پاس اس وقت تلوار نہ تھی ورنہ ایسے بیجا کلمہ پر ان کی گردن اڑا دیتا تو
اکبر کی منقبت میں قرآن کی حسب ذیل آیات نازل ہوئیں۔

ترجمہ : جو لوگ اللہ اور رسولؐ کی مخالفت کرتے ہیں یہ لوگ سخت ذلیل لوگوں میں ہیں (آیت ۲۰) اور اللہ تعالیٰ نے یہ بات لکھدی ہے کہ میرے پیغمبرؐ غالب رہیں گے۔ بیشک اللہ تعالیٰ قوت والا ہے (آیت ۲۱) جو لوگ اللہ پر قیامت پر ایمان رکھتے ہیں آپ ان کو نہ دیکھیں گے ——— کہ وہ ایسے شخصوں سے دوستی رکھتے ہیں جو اللہ اور اسکے رسولؐ کیخلاف ہیں گو وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا کنبہ ہی کیوں نہ ہو (آیت ۲۲۔ سورہ المجادلہ پارہ ۲۸)

ایک اور سبب شان نزول یہ بتلایا گیا ہے کہ غزوہ بدر میں حضرت ابوعبیدہؓ بن الجراح اسلام کی حمایت میں اور آپکا باپ کفر کے غلبہ کیلئے لڑ رہا تھا اور بیٹے کو قتل کرنے کے درپے تھا اور حضرت ابوعبیدہؓ نے اولاً چند مواقع دیئے آخر باپ کو قتل کر ڈالا تو یہ آیات نازل ہوئیں۔

جنگ بدر میں ایک شاعر جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام کی ہجو لکھا کرتا تھا گرفتار ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فدیہ لئے بغیر اس وعدہ پر رہا فرمادیا کہ آئندہ آپؐ اور اسلام کیخلاف ہجو نہ لکھے گا۔ مگر اس نے یہ سلسلہ جاری رکھا جب پھر یہ ایک جنگ میں گرفتار ہوا اور اس نے وعدہ کیا کہ آئندہ سے وہ ایسی ہجو نہ لکھے گا تو اللہ کے رسولؐ نے فرمایا کہ مسلمان ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا (ابن ماجہ) یعنی ایک بار دھوکہ کھاکر دوبارہ دھوکا نہیں کھاتا لہذا بحکم رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم وہ توہین رسولؐ اور توہین اسلام کی سزا میں قتل کر دیا گیا۔

خلیفہ ہارون رشید رات کا کھانا علمائ کے ساتھ کھایا کرتا تھا۔ ایک رات دسترخوان پر کدو کا سالن تھا ایک عالم نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کدو بہت پسند تھا۔ ایک نے کہا کہ مجھے پسند نہیں۔ وہ عالم کھانا چھوڑ اٹھ کھڑا ہوا اور نیام سے تلوار نکال لی اور کہا "جو چیز اللہ کے رسول صلعم کو پسند تھی کسی کو پسند نہ ہو اور پسند نہ ہونے کا اعلان کرے تو وہ مرتد اور کافر ہے اور اس کی سزا قتل ہے۔ ہارون رشید درمیان میں پڑ گیا۔ اس شخص سے توبہ کروا کر کلمہ پڑھوایا گویا ازسرنو اسکو مسلمان بنایا گیا۔

مسلمان والدین کو انتباہ

وہ والدین جو مسلمان کہلاکر توہین رسولؐ اور توہین مذہب میں مبتلا ہیں واقف ہوجائیں کہ احکام شریعت کا نفاذ ہو تو اس کی سزا قتل ہے اور اس کے لئے مرنے کے بعد بھی دائمی جہنم ہے لہذا والدین کا فرض ہے کہ خود توہین رسولؐ اور توہین مذہب کریں اور نہ اولاد کو اس راہ پر چلائیں۔ اسلئے علامہ اقبال اللہ کی جانب سے فرماتے ہیں۔

کی محمدؐ سے وفا تونے تو ہم تیرے ہیں ✤ یہ جہاں چیز ہے کیا لوح وقلم تیرے ہیں ✤✤